مرتبہ
ظہیر الاسلام

کا سامان بہم نہیں پہنچاتا؟ کیا سیواجی کی یہ خصوصیت نہ تھی کہ وہ مسلمانوں کے خلاف لڑتا رہا تھا؟ اور اب کیا کانگریس "سیواجی گیٹ" نام رکھ کر ہندو نوجوانوں میں مسلمانوں کے خلاف وہی جذبۂ منافرت پیدا کرنا نہیں چاہتی اور ہندو راج کے خواب نہیں دیکھ رہی؟

آزادی کی پہلی جنگ

مسلمانوں پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ مسلمان جنگ آزادی میں شریک نہیں ہوتے. اور انگریزوں کی تقویت کا سامان بنے ہوئے ہیں۔ یہ کتنا جھوٹ۔ بے بنیاد۔ اور خلافِ واقعات اعتراض ہے۔ ہندوستان کی وہ کونسی جنگِ آزادی ہے جس میں مسلمانوں نے قربانی پیش نہیں کی۔ سب سے پہلی جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کا غدر ہے۔ یہ غدر کسی منظم سکیم کے ماتحت شروع نہیں ہوا تھا۔ بلکہ انگریز افسروں کے غیر مآل اندیشانہ طریق کار سے ایک چھاؤنی کی دیسی فوج بگڑ گئی۔ اس کے فوراً ہی بعد دوسرے مقامات پر بھی مخالفت کے شعلے بھڑک اٹھے۔ مغلیہ سلطنت مٹ مٹا کر صرف برائے نام رہ گئی تھی تاہم دہلی دارالسلطنت تھا۔ ان تمام باغیوں نے اسی بادشاہ کو امن بنایا اور دہلی کو مرکز۔ لیکن اس کا نتیجہ کیا ہوا؟ مسلمان تباہ و برباد ہو گئے۔ ہندو بن گئے۔ انگریزوں کا سارا عتاب مسلمانوں پر نازل ہوا۔ مسلمانوں کی بہت سی جاگیریں۔ مناصب اور جائدادیں ضبط کر لی گئیں۔ انہیں کثیر تعداد میں پھانسی پر لٹکایا گیا۔ بہت سوں کو انڈیمان میں حبسِ دوام کی سزا بھگتنے کے لئے بھیجدیا گیا۔ شہزادے قتل کئے گئے۔ بیگمات قید کی